فوری ریلیز کے لیے: 2023/1/5

گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL اور قومی مرکز برائے سمندری طوفانِ باد کا ریاست نیو یارک میں سمندری طوفانِ باد کی تیاری کا ہفتہ منانے کا اعلان***

***سالانہ مہم جو نیو یارک کے لوگوں کو ہوائی طوفانوں اور حاری طوفانوں کے اثرات سے آگاہ کرنے اور ان کے لیے تیار کرنے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے***

***نیو یارک کے مکینوں کو سمندری طوفانِ باد کے موسم سے پہلے بروقت موسمیاتی انتباہات اور اطلاعات موصول کرنے کے لیے NY-Alert کے لیے سائن اپ کرنے کی ترغیب دی گئی ہے***

گورنر Kathy Hochul اور قومی مرکز برائے سمندری طوفانِ باد نے آج اعلان کیا ہے کہ سمندری طوفانِ باد کی تیاری کا ہفتہ 30 اپریل سے 6 مئی تک جاری رہے گا، اور نیو یارک کے باشندوں کو سنہ 2023 میں بحرِ اوقیانوس میں آنے والے سمندری طوفانِ باد کی رُت سے پہلے اپنے ذاتی ہنگامی تیاری کے منصوبوں کا جائزہ لینے کی ترغیب دی ہے۔ سمندری طوفانِ باد اور حاری طوفان تباہ کن موسمی نظام ہیں جو موت اور تباہ کن نقصان کا سبب بن سکتے ہیں، جس سے علاقوں کو ہفتوں، مہینوں اور حتیٰ کہ سالوں بعد بھی اس کے اثرات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ سالانہ مہم، قومی مرکز سمندری طوفان باد (National Hurricane Center, NHC) کے ساتھ شراکت میں، نیو یارک کے مکینوں کو حاری طوفانوں کے خطرے، سمندری طوفانِ باد کے دوران کس طرح تیار رہنا اور محفوظ رہنا ہے اور طوفان کے بعد صفائی کرتے وقت کن چیزوں پر غور کرنا چاہیے، سے آگاہ کرنے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہے۔

بحرِ اوقیانوس میں سمندری طوفانِ باد کی رُت یکم جون سے 30 نومبر تک جاری چلتی ہے۔ ساحلوں اور آب و ہوا کے قومی محکمے (National Oceanic and Atmospheric Administration, NOAA) اور NHC کے مطابق سنہ 2022 میں بحرِ اوقیانوس میں 14 معروف سمندری طوفانِ باد آئے تھے۔ سنہ 2023 میں بحرِ اوقیانوس میں سمندری طوفانِ باد کی رُت آنے میں اب صرف ایک مہینہ باقی رہ جانے پر، گورنر Hochul نے نیو یارک کے مکینوں پر زور دیا کہ وہ پیشگی تیاری کر لیں۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "خواہ وہ تباہ کن سمندری طوفانِ باد ہو، تباہ کن موسمِ سرما کا طوفان ہو، یا موسم سے متعلق کوئی اور واقعہ ہو، میری اولین ترجیح ہمیشہ نیو یارک کے مکینوں کو محفوظ رکھنا ہو گا۔ اپنے دفتر میں پہلے مہینے کے دوران، جب سمندری طوفانِ باد آئیڈا نے ریاست نیو یارک کو چیر ڈالا تھا، میں نے خود دیکھا کہ سمندری طوفانِ باد ہمارے علاقوں پر تباہ کن اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔ میری انتظامیہ ریاست نیو یارک کو سمندری طوفانِ باد جیسے تباہ کن طوفانوں کے اثرات سے بہترین تحفظ فراہم کرنے کے لیے تمام حکومتی سطحات پر اپنے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنا جاری رکھے ہوئے ہے"۔

سنہ 2022 میں، گورنر Hochul نے مستقبل میں طوفانی واقعات میں علاقوں کی لچک کو مضبوط کرنے کے لیے گورنر کے دفتر برائے لچکدار گھر و علاقہ جات کے ذریعے ایک عملی منصوبے کا اعلان کیا تھا۔ مجوزہ منصوبے میں ایسے اقدامات کی کفالت کے لیے وفاقی فنڈنگ میں 41.2$ ملین شامل تھے جو تاریخی طور پر محروم علاقوں کو ترجیح دیتے ہوئے رہائشیوں کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے ہم آہنگ ہونے میں مدد فراہم کریں گے۔ انفرادی امداد کے لیے آفات کے صدارتی اعلان کے ساتھ پروگرام نیو یارک شہر سے باہر کاؤنٹیوں کے لیے کھلے ہیں، بشمول

ڈچز، ناساؤ، اورنج، راکلینڈ، سافک، اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹیاں۔ گورنر کے دفتر نے آئیڈا کے متاثرین کے لیے بھی ایک ویب پیج بنایا ہوا ہے، جس میں امدادی روابط اور صفائی اور بحالی کی کوششوں کے لیے وسائل شامل ہیں۔

**ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا،** "ساحلی علاقوں میں نیو یارک کے مکین ہر موسمِ گرما میں شدید بارشوں، تباہ کن ہواؤں، اور حاری طوفانوں اور سمندری طوفانوں کی وجہ سے آنے والے سیلاب کے اثرات سے بخوبی واقف ہیں۔ بدقسمتی سے، ہم نے ان اثرات کو ریاست کے دیگر حصوں میں محسوس کرنا شروع کر دیا ہے، بعض اوقات ساحل سے سینکڑوں میل دور بالائی علاقوں میں بھی۔ یہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ نیو یارک کا ہر مکین اس ہفتے اور پورے مہینے میں سمندری طوفانِ باد کی تیاری کو ترجیح دینے کے لیے وقت نکالے: اپنے خطرے کو جانے، باخبر رہے، اور ایک منصوبہ بنائے"۔

**قومی مرکزِ سمندری طوفانِ باد کے ڈائریکٹر Michael Brennan نے کہا،** "میں نیو یارک کے تمام مکینوں کو آنے والے سمندری طوفانِ باد کی رُت کی تیاری کرنے کی ترغیب دیتا ہوں۔ پہلا قدم اپنے خطرے کو جاننا ہے۔ اگر آپ ساحل کے قریب رہتے ہیں، تو معلوم کریں کہ آیا آپ طوفان میں اضافے کے انخلائی علاقے میں رہتے ہیں اور اگر آپ کو طوفان سے پہلے اپنا گھر چھوڑنے کے لیے کہا جاتا ہے تو اپنا انخلاء کا منصوبہ تیار رکھیں۔ شدید بارش سے آنے والا سیلاب آپ کو متاثر کر سکتا ہے حتیٰ کہ اگر آپ ساحل سے سینکڑوں میل دور اندرونِ ملک علاقوں میں بھی رہتے ہیں۔ جیسا کہ ہم نے نیو یارک میں سنہ 2021 میں آئیڈا کے وقت دیکھا، بارش کا سیلاب پچھلے 10 سالوں میں حاری طوفانوں اور سمندری ہوائی طوفانوں میں سب سے مہلک خطرہ رہا ہے"۔

**سمندری طوفانِ باد میں حفاظت**

نیو یارک کے تمام مکینوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ حاری طوفانوں کا حساب کیسے رکھا جائے اور بروقت انتباہات حاصل کیے جائیں جو انہیں یہ بتائیں کہ انہیں محفوظ رہنے کے لیے کیا کرنا ہے، بشمول انخلاء۔ بروقت موسمی انتباہات حاصل کرنے کا بہترین طریقہ NY-Alert کے لیے سائن اپ کرنا ہے، جو کہ ایک مفت سروس ہے جو موسم اور دیگر ایمرجنسی سے متعلق انتباہات فراہم کرتی ہے۔

خود کو اور اپنے عزیز و اقارب کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے درجِ ذیل اقدامات کریں:

- آفات کے لیے گھریلو منصوبہ تیار کریں اور جانیں کہ خاندان کے افراد سے ہر وقت رابطہ کیسے کیا جائے۔ "ہنگامی خاندانی رابطہ" بننے کے لیے شہر سے باہر کے کسی دوست یا خاندان کے فرد کی شناخت کریں اور یقینی بنائیں کہ خاندان کے تمام افراد کے پاس رابطے کی معلومات ہیں۔
- ایک ہنگامی ملاقات کی جگہ متعین کریں - ایک مانوس جگہ جہاں رہائش تک رسائی نہ ہونے کی صورت میں خاندان مل سکتا ہے۔
- اپنے علاقے میں سمندری طوفانِ باد اور طوفان کے خطرات کو جانیں۔
- اگر آپ ساحلی علاقوں کے قریب رہتے ہیں، تو اپنے علاقے کی طوفانی لہروں کی تاریخ اور اپنے علاقے کے انتباہی اشارے اور انخلاء کے منصوبوں کے بارے میں جانیں، بشمول اندرونِ ملک محفوظ راستے اور سرکاری پناہ گاہوں کا محلِ وقوع۔
- جانیں کہ طوفان کے دوران پالتو جانوروں کو کہاں منتقل کرنا ہے - زیادہ تر پناہ گاہیں پالتو جانوروں کی اجازت نہیں دیں گی۔

درج ذیل سامان دسترس میں رکھیں:

- خراب نہ ہونے والی خوراک اور پانی کی رسد جو 10 دن کے لیے کافی ہو۔
- بیٹری سے چلنے والے ریڈیو اور فلیش لائٹس اور بیٹریوں کی کافی رسد۔
- ادویات کی فراہمی کے ساتھ ابتدائی طبی امداد۔
- اہم دستاویزات: انشورنس پالیسیاں، میڈیکل ریکارڈ، بینک اکاؤنٹ نمبر، سوشل سیکیورٹی کارڈ وغیرہ واٹر پروف کنٹینر میں رکھیں۔

- کیش، چیک بک، کریڈٹ کارڈز اور اے ٹی ایم کارڈز۔
- لوگوں اور تنظیموں کی ہنگامی رابطہ فہرست جن کو بلانے کی ضرورت پڑسکتی ہے: سکول، ڈاکٹر، خدمات فراہم کنندگان، اور انشورنس کے رابطہ افراد۔

مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کریں:

- اپنے گھر کو مناسب طریقے سے محفوظ کرنے کے لیے ضروری مواد، جیسے پلائی ووڈ، حاصل کریں اور ذخیرہ کریں۔
- کھلے اور رکاوٹ والے بارشی گٹروں اور ان کے نیچے پرنالوں کی مرمت کریں۔
- لان کے فرنیچر اور دیگر ڈھیلی، ہلکے وزن کی اشیاء جیسے کوڑے کے ڈبے اور باغیچے کے اوزار جو تیز ہواؤں میں اُڑ کر کسی کو لگنے والی چیز بن سکتے ہیں کو ڈھانپ کر رکھیں یا اندر رکھیں۔ درختوں اور جھاڑیوں کی سوک (سوکھی ہوئی لکڑی) کو بھی تراشیں۔
- طوفان آنے سے پہلے کوریج کی حد کا تعین کرنے کے لیے انشورنس پالیسیوں کا جائزہ لیں۔
- اس بات کا تعین کریں کہ ہنگامی حالت میں کشتیوں کو کہاں منتقل کرنا ہے۔
- NOAA موسمی ریڈیو پر قومی محکمۂ موسمیات کی نشریات اور مقامی ٹیلی ویژن اور ریڈیو سٹیشنوں کی رپورٹیں سن کر مقامی موسمی حالات سے آگاہ رہیں۔
- گھر میں بجلی، گرمی اور پانی کو بند کرنے کا طریقہ جانیں۔

مزید معلومات کے لیے، https://dhses.ny.gov/safety پر DHSES حفاظت اور روک تھام کا صفحہ دیکھیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں